## سوال

(282) اعتکاف کرنے کی تاریخ اور وقت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان میں اعتکاف کے لیے کس تاریخ کو اور کس وقت بیٹھنا چاہیے؟

جب کہ بروایت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اعتکاف صبح کی نماز کے بعد بیٹھنا سنت رسول ﷺ ہے۔

اگر اکیسویں روزے کی صبح کو معتکف اعتکاف میں داخل ہوتا ہے تو اکیسویں طاق رات ضائع ہو جاتی ہے اگر بیس کی صبح کو معتکف اعتکاف میں داخل ہو تو پھر طاق رات شامل ہوتی ہے۔ جیسا کہ مولانا عبدالسلام بستوی رحمہ اللہ اسی کے قائل ہیں۔ ہمارے ہاں رواجی طور پر اکیس کی رات کو معتکف تیاری کرتا ہے اور صبح کی نماز کے بعد اعتکاف میں داخل ہوتا ہے۔ بالتحقیق اصل صورت حال کیا ہے؟ (محمد طیب خلیق۔ چونیاں) (۲۰ اپریل ۲۰۰۱ء)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اعتکاف بیسویں روزہ کی نمازِ فجر کے بعد بیٹھنا چاہیے ہمارے ہاں قصبہ سرہالی کلاں ضلع قصور میں الحمد للہ اس پر عمل جاری وساری ہے عرصہ ہوا ''الاعتصام'' میں ایک مضمون اعتکاف کا صحیح وقت کونسا ہے؟ شائع ہوا تھا اس میں بدلائل میں نے اسی بات کو اختیار کیا ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 273**

محدث فتویٰ